

BAYER
بائر بھرپور کپاس

# بائر بھرپور کپاس

BAYER




| 0 دن | 0 سے 1 دن | 35-40 دن | 45-50 دن | 51-60 دن | 61-70 دن | 71-80 دن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سیڈ ٹریٹمنٹ | جڑی بوٹیاں | جیسڈ تھرپس | مائٹس | سفید مکھی، گلابی سنڈی | سفید مکھی، جیسڈ تھرپس | جیسڈ تھرپس، گلابی سنڈی |
| | ہربی سائیڈ | کیڑے مار (ٹینک مکس) | کیڑے مار | کیڑے مار (ٹینک مکس) | کیڑے مار (ٹینک مکس) | کیڑے مار (ٹینک مکس) |
| ہومبریک | ایس میٹولا کلور | کونفیڈور® + کوربیڈوز | اوبیرون® | ہووینٹو® + ڈیسس سپر | ہووینٹو® اسیٹا میپرڈ | کوربیڈوز + ڈیسس سپر |



بیلٹ®

اگر لشکری سنڈی کا حملہ ہو
تو بیلٹ ملائیں





بے فولان®

پیداوار زیادہ
خوشحالی کا وعدہ

# بائر بھرپور کپاس

کپاس کی فصل کو ابتدا ہی سے رس چوسنے والے کیڑوں خصوصاً سفید مکھی، سبز تیلا،
تھرپس اور سنڈیوں خصوصاً گلابی سنڈی اور لشکری سنڈی وغیرہ کا مسئلہ درپیش رہتا ہے۔

کپاس کی فصل کی بہترین دیکھ بھال اور نگرانی کے لیے بائر پیش کرتا ہے ایک مکمل پروگرام
جس میں ہومبرے® ایکسل، ایس میٹولاکلور، کونفیڈور®، کوریڈور®، اوبیرون® اسپیڈ،
ہووینٹو®، ڈیسس® سپر، اسیٹا میپرڈ اور بے فولان® 6-8-8 شامل ہیں۔

یہ پروگرام ان پروڈکٹس کے استعمال کا وقت اور بہتر طریقہ کار بتاتا ہے۔ جس کی بدولت بڑھوتری،
پھول گڈی اور ٹینڈوں کی بھرائی کے مرحلے پر کپاس کی فصل رس چوسنے والے کیڑوں
اور سنڈیوں سے محفوظ رہتی ہے۔

**ساتھ ہی زمیندار بھائی پہلے پھل کا فائدہ اٹھا کر بھرپور پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔**

سیڈ ٹریٹمنٹ

ہومبرے® ایکسل

37.25 فیصد ایف ایس

# کپاس کا صحت مند آغاز بنے کامیابی کی بنیاد

## فوائد:

- بیج کا بھرپور اگاؤ، صحت مند جڑیں
- ابتدائی دنوں میں جیسڈ، تھرپس اور سفید مکھی سے تحفظ ممکن بنائے
- ابتدائی مرحلے میں بیج اور زمین سے لگنے والی بیماریوں سے تحفظ دے

## سفارشات برائے استعمال:

| فصل | کیڑے اور بیماری | شرحِ استعمال |
|---|---|---|
| کپاس | جیسڈ، سفید مکھی، تھرپس اور فیوزاریئم ولٹ | 10 ملی لیٹر/کلوگرام بیج |

نوٹ: لیبل پر درج سفارشات کے مطابق استعمال کرنے سے پری ہارویسٹ انٹرول کی ضرورت نہیں۔



## طریقۂ استعمال:

5 کلو کپاس کے بیج کے لیے 50 ملی لیٹر ہومبرے ایکسل کو 75 سے 100 ملی لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6-7 ہو) میں ملا کر محلول بنالیں پھر استعمال کریں۔

سیڈ ٹریٹمنٹ کے لیے پلاسٹک شیٹ یا سیڈ ٹریٹمنٹ یونٹ استعمال کریں۔

0 سے 1 دن

ایس میٹولاکلور

960 ای سی

# تمام غذا اور پانی صرف فصل کے لیے

## فوائد:

- گھاس نما اور چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیوں کا ایک ساتھ مؤثر کنٹرول
- جڑی بوٹیوں کے اُگنے سے پہلے ہی کنٹرول (اُگی ہوئی جڑی بوٹیوں پر اس زہر کا مؤثر کنٹرول نہیں ملتا)

## سفارشات برائے استعمال:

| فصل | جڑی بوٹیاں | شرحِ استعمال |
|---|---|---|
| کپاس | گھاس نما اور چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیاں | 800 ملی لیٹر فی ایکڑ |

نوٹ: لیبل پر درج سفارشات کے مطابق استعمال کرنے سے پری ہارویسٹ انٹرول کی ضرورت نہیں۔



## طریقۂ استعمال:

ایس میٹولاکلور کی سفارش کردہ مقدار کو 100 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں ملا کر محلول بنالیں۔ اسپرے کے لیے صرف ہاتھ والی نیپ سیک اسپرے مشین یا پاور اسپرے مشین ہربیسائیڈ نوزل لگا کر استعمال کریں۔ ایس میٹولاکلور کا اسپرے بجائی کے فوراً بعد (24 گھنٹے کے اندر) تروتر حالت میں جڑی بوٹیاں اُگنے سے پہلے کریں کیوں کہ اُگی ہوئی جڑی بوٹیوں پر اس زہر کا مؤثر اثر نہیں ہوتا۔

کپاس کے بیج کے لیے زبردست سیڈ ٹریٹمنٹ

# کونفیڈور®
20 فیصد ایس ایل

## رس چوس کیڑوں سے بچائے
## اسٹریس نہ ہونے پائے



# کوریڈور®
75 فیصد ایس پی

## سبز تیلے اور تھرپس
## کا خاتمہ

## فوائد:

- دو مختلف طریقہ اثر رکھنے والے زہروں کی بدولت رس چوس کیڑوں کا مؤثر کنٹرول
- دو طاقتور زہروں کا ٹینک مکس (کونفیڈور ایس ایل 250 ملی لیٹر + کوریڈور 330 گرام) فی ایکڑ
- کونفیڈور ایس ایل کی اسٹریس شیلڈ کے ساتھ

### سفارشات برائے استعمال:

| فصل | کیڑے | شرح استعمال | *پی ایچ آئی |
|---|---|---|---|
| کپاس | ملی بگ، سفید مکھی اور اس کے بچے سبز تیلا (جیسڈ) اور تھرپس | 250 مِلی لیٹر فی ایکڑ | 40 دِن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ

+

### سفارشات برائے استعمال:

| فصل | کیڑے | شرح استعمال | *پی ایچ آئی |
|---|---|---|---|
| کپاس | تھرپس، سبز تیلا | 330 گرام فی ایکڑ | 14 دن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ






+



### طریقۂ استعمال:

سفارش کردہ مقدار کو فی 100 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں مِلا کر ہاتھ یا انجن سے چلنے والی ہائی والیوم مشین سے جس میں ہالوکون نوزل لگی ہوئی ہو اِسپرے کریں۔

نوٹ: اسپرے کے موقع پر فصل میں پانی کی کمی نہ ہونے دیں۔

BAYER

# اوبیرون® اسپیڈ

24 فیصد ایس سی

45-50 دن

# دوست وہی جو کام آئے

**اوبیرون® اسپیڈ** سے ملے جوؤں اور تھرپس پر مثالی کنٹرول یعنی صحت مند فصل، ملے بھرپور منافع

## منفرد خصوصیات

- نئی کیمسٹری (Tetronic Acid group اور Avermectins)
- نئے طریقہ اثر کی بدولت، مدافعت شدہ جوؤں اور تھرپس کے خلاف مؤثر
- لمسی اثر اور پتوں کے آر پار ہونے کی بنا پر تھرپس اور جوؤں کے انڈوں، بچوں اور بالغ حالت پر یکساں اثر کی حامل واحد زہر
- **اوبیرون® اسپیڈ** فصل بنائے سرسبز و شاداب یعنی ملے بھرپور پیداوار



1. دو دھبوں والی اسپائیڈر مائیٹس (Two spotted spider mites)
2. سرخ جوئیں (Red mites)
3. تھرپس (Thrips)






## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | مقدارِ استعمال | *پی ایچ آئی |
|---|---|---|---|
| کپاس | جوئیں اور تھرپس | 100 ملی لیٹر فی ایکڑ | 30 دن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ

### طریقۂ استعمال:

استعمال سے پہلے بوتل کو اچھی طرح ہلا لیں۔

**اوبیرون®** اسپیڈ کی سفارش کردہ مقدار فی ایکڑ 100 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں ملا کر ہاتھ یا انجن سے چلنے والی ہائی والیوم اسپرے مشین جس میں ہالو کون نوزل لگی ہوئی ہو اسپرے کریں۔

**جوؤں اور تھرپس کے کنٹرول کا اسپیشلسٹ**

51-60 دن

# موونیٹو® 240 ایس سی

## ٹینڈوں سے بھرپور کپاس

51-60 دن

# ڈیسس® سُپر 10 فیصد ای سی

## سُنڈیوں کا بروقت کنٹرول

اس مرحلے پر سفید مکھی کے ساتھ ساتھ سنڈیوں خصوصاً گلابی سنڈی کا حملہ بھی شروع ہو جاتا ہے اور سنڈیوں کو کنٹرول کرنے کا یہی صحیح وقت ہے۔
لہٰذا موونیٹو کے ساتھ ڈیسس سُپر ملا کر اسپرے کریں تا کہ سفید مکھی کے ساتھ ساتھ سنڈیوں کا بھی بروقت کنٹرول مل سکے۔

### فوائد:

- دو طرفہ سرائیت پذیری کی بدولت سفید مکھی اور اس کے چھپے ہوئے بچے جن پر براہِ راست اسپرے نہیں پہنچ پاتا، ان پر بھی مؤثر کنٹرول فراہم کرتا ہے۔
- فصل کے ہر مرحلے میں قابل استعمال

### سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرح استعمال | پی ایچ آئی* |
|---|---|---|---|
| کپاس | سفید مکھی، ایفڈز | 125 ملی لیٹر فی ایکڑ + (بائیو پاور ایڈجوونیٹ 250 ملی لیٹر فی ایکڑ) | 21 دن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ

### طریقۂ استعمال:

ایک ایکڑ پر اسپرے کے لیے 125 ملی لیٹر موونیٹو کو پانچ گلاس پانی (جس کی پی ایچ 7-6 ہو) میں ملا کر اچھی طرح حل کر لیں۔
پھر اس میں 250 ملی لیٹر بائیو پاور ڈال کر حل کر لیں۔ بنائے گئے محلول کو ایک ایکڑ پر اسپرے کے لیے پانی کی مقدار 120 لیٹر سے 150 لیٹر رکھیں۔
7 دن کے وقفے سے موونیٹو کا دوبارہ اسپرے کریں۔
اسپرے کے لیے ہالوکون نوزل استعمال کریں۔



+

### فوائد:

- مؤثر ٹینک مکس پارٹنر • کپاس کی سنڈیوں کے خلاف مؤثر

### سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرح استعمال | پی ایچ آئی* |
|---|---|---|---|
| کپاس | چتکبری سنڈی گلابی سنڈی اور امریکن سنڈی | 80 ملی لیٹر فی ایکڑ | آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان کم از کم 10-7 دن کا وقفہ رکھیں۔ |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ



### طریقۂ استعمال:

کپاس کی فصل پر ڈیسس سُپر کی سفارش کردہ مقدار کو فی ایکڑ 100 سے 120 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں ملا کر ہاتھ یا انجن سے چلنے والی ہائی والیوم مشین جس میں ہالوکون نوزلز لگی ہوئی ہوں اسپرے کریں۔

61-70 دن

# موونیٹو®
240 ایس سی

# ٹینڈوں سے بھرپور کپاس

61-70 دن

# اسیٹامیپرڈ
20 فیصد ایس ایل

**موونیٹو کے دوسرے اسپرے کے ساتھ اسیٹامیپرڈ بھی ملائیں اور دو مختلف طریقہ اثر رکھنے والے زہروں کی بدولت رس چوس کیڑوں کا فوری اور دیرپا کنٹرول پائیں۔**

## فوائد:

- دوطرفہ سرائیت پذیری کی بدولت سفید مکھی اور اس کے چھپے ہوئے بچے جن پر براہِ راست اسپرے نہیں پہنچ پاتا، ان پر بھی مؤثر کنٹرول فراہم کرتا ہے۔
- فصل کے ہر مرحلے میں قابل استعمال

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرحِ استعمال | پی ایچ آئی* |
|---|---|---|---|
| کپاس | سفید مکھی، ایفڈز | 125 مِلی لیٹر فی ایکڑ + (بائیو پاور ایڈجووینٹ 250 مِلی لیٹر فی ایکڑ) | 21 دن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ



## طریقۂ استعمال:

ایک ایکڑ پر اسپرے کے لیے 125 ملی لیٹر موونیٹو کو پانچ گلاس پانی (جس کی پی ایچ 7-6 ہو) میں ملا کر اچھی طرح حل کر لیں۔
پھر اس میں 250 ملی لیٹر بائیو پاور ڈال کر حل کر لیں۔ بنائے گئے محلول کو ایک ایکڑ پر اسپرے کے لیے پانی کی مقدار 120 لیٹر سے 150 لیٹر رکھیں۔
7 دن کے وقفے سے موونیٹو کا دوبارہ اسپرے کریں۔
اسپرے کے لیے ہالوکون نوزل استعمال کریں۔

## فوائد:

- مؤثر ٹینک مکس پارٹنر
- سبز تیلا، تھرپس اور سفید مکھی پر فوری کنٹرول
- پودوں کے ساتھ مطابقت

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرحِ استعمال | پی ایچ آئی* |
|---|---|---|---|
| کپاس | سبز تیلا (جیسڈ)، سفید مکھی، تھرپس اور ایفڈ | 125 سے 150 مِلی لیٹر فی ایکڑ | 28 دِن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ



## طریقۂ استعمال:

**اسیٹامیپرڈ** 20 فیصد ایس ایل کی سفارش کردہ مقدار کو فی ایکڑ 100 لیٹر پانی میں (جس کی پی ایچ 7-6 ہو) مِلا کر ہاتھ یا اِنجن سے چلنے والی ہائی والیوم مشین جِس میں ہالوکون نوزلز لگی ہوئی ہوں اِسپرے کریں۔

**سُفید مکھی اور بچے مار مٹائے**

71-80 دن

BAYER

# کوریڈور®
75 فیصد ایس پی

# سبز تیلے اور تھرپس کا خاتمہ

71-80 دن

BAYER

# ڈیسس سُپر®
10 فیصد ای سی

# سُنڈیوں کا بروقت کنٹرول

اس مرحلے پر سنڈیوں کے ساتھ ساتھ سبز تیلا (جیسڈ) اور تھرپس کا دوبارہ حملہ ہوتا ہے۔ اس لیے ڈیسس سُپر کے سات کوریڈور کو ملا کر اسپرے کرنے سے سنڈیوں اور رس چوس کیڑوں کا مؤثر کنٹرول ملتا ہے اور کاشتکار کو الگ الگ اسپرے کرنے کے حوالے سے بچت ہو جاتی ہے۔

## سفارشات برائے استعمال:

| فصل | کیڑے | شرح استعمال | پی ایچ آئی* |
|---|---|---|---|
| کپاس | تھرپس، سبز تیلا | 330 گرام فی ایکڑ | 14 دن |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ

## طریقۂ استعمال:

سفارش کردہ مقدار کو فی 100 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں مِلا کر ہاتھ یا انجن سے چلنے والی ہائی والیوم مشین سے جس میں ہالوکون نوزل لگی ہوئی ہو اِسپرے کریں۔

نوٹ: اسپرے کے موقع پر فصل میں پانی کی کمی نہ ہونے دیں۔



## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرح استعمال | پی ایچ آئی* |
|---|---|---|---|
| کپاس | چتکبری سنڈی گلابی سنڈی اور امریکن سنڈی | 80 ملی لیٹر فی ایکڑ | آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان کم از کم 7-10 دن کا وقفہ رکھیں۔ |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ

## طریقۂ استعمال:

کپاس کی فصل پر ڈیسس سُپر کی سفارش کردہ مقدار کو فی ایکڑ 100 سے 120 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں ملا کر ہاتھ یا انجن سے چلنے والی ہائی والیوم مشین جس میں ہالوکون نوزلز لگی ہوئی ہوں اسپرے کریں۔



51-60 دن

# بیلٹ®

48 فیصد ایس سی

## سائنس ایسی جادُو جیسی

**فوائد:**

- وسیع الاثر سنڈی مار زہر
- منفرد طریقۂ اثر کی بدولت دیرپا اور مؤثر کنٹرول
- دوسرے مرکبات کے خلاف مدافعت رکھنے والی سنڈیوں کے خلاف بھی موثر
- لمسی اثر اور اسپرے شدہ پتوں میں جذب (Translaminar) ہونے کی صلاحیت کی وجہ سے پتوں کے نیچے چھپی ہوئی سنڈیوں کے خلاف بھی مؤثر

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرحِ استعمال | *پی ایچ آئی |
|---|---|---|---|
| کپاس | لشکری سنڈی | 50-25 ملی لیٹر فی ایکڑ | 25 دن |
| | امریکن سُنڈی | 50 ملی لیٹر فی ایکڑ | |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ



## طریقۂ استعمال:

مسئلے کے مطابق بیلٹ کی سفارش کردہ مقدار فی ایکڑ کو 100 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں ملا کر ہاتھ یا انجن سے چلنے والی ہائی والیوم اسپرے مشین جس میں ہالوکون نوزلز لگی ہوئی ہوں اسپرے کریں۔

**ہدایات:**

بیلٹ کے ساتھ بہترین رزلٹ کے لئے سفارش کردہ مقدار 25ml اس وقت استعمال کریں جب سنڈیاں چھوٹی ہوں۔ یعنی حملے کے ابتدائی مرحلے میں۔

شدید حملہ کی صورت میں، بہتر اور دیرپا کنٹرول کے لئے 7 دن کے وقفے سے بیلٹ کا اسپرے دہرائیں۔

بجائی کے 40 دن بعد

# بے فولان®

8-8-6

این پی کے لیکوڈ فرٹیلائزر

## پیداوار زیادہ خوشحالی کا وعدہ

**فوائد:**

- پودے کی غذائی قلت پوری کرے
- مکمل اور متوازن غذائیت کا ذریعہ
- پتے اور پھولوں کی بہتر نشو نما نتیجہ پیداوار میں اضافہ

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | شرحِ استعمال |
|---|---|
| کپاس | 250 ملی لیٹر فی ایکڑ |

## طریقۂ استعمال:

لیبل پر درج ہدایات کے مطابق استعمال کریں۔



پتّوں کے آر پار جائے چھپی سُنڈی بچ نہ پائے

# احتیاطی تدابیر

- پروڈکٹ پر دی گئی حفاظتی ہدایات اور استعمال کے طریقوں پر سختی سے عمل کریں۔
- زہر کو بچوں، پالتو جانوروں کی پہنچ، آگ اور کھانے پینے کی اشیاء سے دور ٹھنڈی جگہ پر تالے میں رکھیں۔
- زہر کے کام کے دوران حفاظتی لباس، دستانے، ماسک اور عینک استعمال کریں۔
- تیز ہوا میں اور ہوا کی مخالف سمت اسپرے نہ کریں۔ زہر کے محلول کو اسپرے مشین سے بہنے نہ دیں۔
- زہر اور اس کی پھوار سے آنکھوں، منہ کپڑوں کو بچائیں اور اسے سانس میں شامل نہ ہونے دیں۔
- اسپرے کے دوران کھانے پینے اور تمبا کو نوشی سے پرہیز کریں۔ کھانے پینے اور تمبا کو نوشی سے پہلے ہاتھ اور جسم دھو لیں۔
- زہر کے اسپرے اور کام کے فوراً بعد کپڑوں اور جوتوں کو تبدیل کر دیں۔
- اسپرے مشین، حفاظتی کپڑوں، دستانوں، ہاتھوں، آنکھوں اور جسم کو پانی اور صابن سے اچھی طرح دھو لیں۔
- زہر کی خالی بوتل / پیکٹ کو پانی میں اچھی طرح سے کھنگال لیں اور زہر آلود پانی کو زہر پاشی میں استعمال کر لیں، اور خالی بوتل / پیکٹ کو ضائع کر کے زمین میں دفن کر دیں۔
- زہر اور زہر آلودہ پانی سے آبی ذخائر اور آبی گزرگاہوں کو خراب نہ کریں۔





**چشمہ**

آنکھوں کی حفاظت کے لیے
چشمے کا استعمال کریں۔



**ماسک**

ماسک کا استعمال کریں تا کہ
زہر سانس سے جسم میں داخل نہ ہو۔



**دستانے**

دستانے پہنیں تا کہ محلول آپ کی
جلد میں جذب ہو کر نقصان نہ پہنچائے۔


**بائر پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

پلاٹ نمبر 23، سیکٹر نمبر 22، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی۔

یو اے این: 111-000-227 ویب سائٹ: www.bayer.com.pk